© rasailojaraid.com



**تیسیر القرآن**:۔ مرتبہ مولانا عبد الصمد صاحب رحمانی مونگیری۔ طباعت کتابت متوسط سائز ۲۰×۲۶ ضخامت ۸۰ صفحات، قیمت ۸ ؍ ملنے کا پتہ:۔ مکتبۂ امارتِ شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ (بہار)

اس رسالہ کا مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کو صرف و نحو کے مسائل کی تعلیم اس انداز پر دی جائے کہ ان مسائل کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کا فہم بھی آسان ہو جائے اور پڑھنے والوں کو قرآن کے ساتھ ربط و تعلق پیدا ہو جائے۔ اس سلسلہ میں آپ نے پہلے مرکب اضافی پھر مرکب توصیفی فعل، فاعل، مفعول بہ، مفعول مطلق وغیرہ۔ مبتدا، خبر، جملہ مع اپنے اقسام کے، غرضکہ نحو کے تمام مسائل کے لیے قرآن مجید سے اس قدر کثرت سے مثالیں جمع کر دی ہیں کہ ایک طرف تو اُس مسئلہ کی حقیقت کثرتِ امثلہ کے باعث اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیگی، اور دوسرا فائدہ یہ ہوگا کہ تمثیل کے بہانہ قرآن مجید کے بہتیرے الفاظ نظر سے گذر جائینگے۔ اور اگر طالب علم نے اُن کو یاد کر لیا تو بے شبہ اُس کو فائدہ عظیم ہوگا۔

اس کتاب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ فاضل مؤلف نے مسائل کی ترتیب میں مبتدی طلبہ کی دماغی نفسیاتی حالت کو نظر انداز نہیں کیا ہے اور بہت ہی عام فہم اور سلیس انداز میں نئے اصولِ تعلیم کے مطابق کتاب کو مرتب کیا ہے۔ ہمارے خیال میں اگر اساتذہ جناب مؤلف کی ہدایت کے مطابق اس کتاب کو پڑھائیں تو طلبہ کو شرح مائۃ عامل وغیرہ کتب نحو سے پورا استغناء ہو سکتا ہے۔ اور ساتھ ہی طلبا، فہمِ قرآن سے بہت قریب ہو سکتے ہیں۔ ہم پُر زور سفارش کرتے ہیں کہ اس کتاب کو مدارس عربیہ کے ابتدائی نصاب تعلیم میں داخل ہونا چاہیے۔ جو انگریزی تعلیم یافتہ اصحاب قرآنِ مجید کو سمجھنے کے لیے عربی پڑھنا چاہتے ہیں اُن کے لیے بھی یہ کتاب بہت مفید ہوگی۔ اس کے ذریعہ اُن کو صرف و نحو کے مسائل بھی یاد ہو جائینگے۔ اور قرآن مجید کی مثالوں سے تمرین ہونے کے باعث قرآن فہمی میں بھی اُن کو بڑی سہولت ہوگی۔ مسلمانوں کو اس کتاب کی قدر کر کے لائق مولف کی محنت وسعی کی داد دینی چاہیے۔

© rasailojaraid.com